04/04/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گل

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ ایودھیا صرف بھگوان رام کاہی شہر نہیں ہے بلکہ یہ ہماری عالمی شناخت ، معاشی استحکام اور ہماری ثقافتی گو نا گونیت کا ایک اہم ستون بھی ہے ۔ اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس نئی دلی میں شری اور پرگیا سنستھان کے اشتراک سے منعقدہ آٹھویں ایودھیا پرو سے خطاب کرتے ہوئے IGNCA ایودھیا نیاس کی طرف سے ایل جی نے کہا کہ دنیا کو بھگوان رام کے اصولوں ، دھر ما ، فرائض اور قربانی جیسے اقدار سے سیکھ حاصل کرنی چاہئے ۔

------BYTE------

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کل گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ میں جدید طرز کی ایک اعشاریہ پانچ اننت ناگ کے GMC سہولت کو عوام کے نام وقف کیا ۔ انہوں نے وہاں تین ماڈیولر آپریشن تھیٹروں اور Tesla MRI مشین کا بھی افتتاح کیا ۔ بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر Virectomy شعبے میں Opthalmology اسپتال کے Associated کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے کہا ۔

-----BYTE-----

اسمبلی اجلاس

جموں میں قانون ساز اسمبلی کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ آج اختتام پذیر ہو رہا ہے ۔ ایوان میں وقفہ سوالات کے دوران ارکان کی طرف سے عوامی نوعیت کے سوالات پوچھے جائیں گے اور متعلقہ وزیر ان کا جواب دیں گے ۔ اس کے علاوہ کئی ارکان کی طرف سے توجہ دلاو نوٹس بھی پیش کئے جائیں گے اور کئی ارکان کی طرف سے بل بھی پیش کئے جائیں گے ۔

چناو مہم

آسام ، پڈوچیری ، کیرالم ، تامل ناڈو اور مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے لئے چناو مہم میں ہر گزرتے دن کے ساتھ امیدواروں کے حق میں NDA تیزی آ رہی ہے۔ وزیر اعظم اور سینئر بی جے پی لیڈر نریندر مودی نے کل شام پڈوچیری میں ایک روڑ شو کا انعقاد کیا ۔ وہ آج کیرالم کا دورہ کر کے وہاں ایک چناو ریلی اور روڑ شو میں شرکت کر رہے ہیں ۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں نے جن وِشواس ترمیمی بِل 2026 پاس کیا ہے ۔ اس بل کا مقصد ملک میں تجارت کو آسان بنانے اور لوگوں کے معیارِ حیات میں بہتری لانا ہے ۔

PIB

مرکزی حکومت مغربی ایشیاءکی موجودہ صورتحال کے چلتے مختلف سیکٹروں میں تیاریوں اور باہمی تال میل کو یقینی کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ توانائی کی PIB بنانے کیلئے موثر طریقے پر کام کر رہی ہے ۔ سرگرمیوں کو تقویت بخشنے اور خطے میں بھارتی شہریونکی مدد کیلئے متعدد اقدامات Maritimeسپلائی کو یقینی بنانے، کئے جا رہے ہیں۔

زلزلہ

وادی میں کل شام نو بجکر 45 منٹ پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے ۔ ریکٹر پیما پر اس کی شدت پانچ اعشاریہ نو ریکارڈ کی گئی اور اس زلزلے کا مرکز افغانستان- تاجکستان سرحد بتایا جا تا ہے ۔

سکول

ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن کشمیر نصیر احمد وانی نے کل شہر سرینگر کے کئی سکولوں کا دورہ کر کے وہاں عملے کی حاضری کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ اس موقعہ پر انہوں نے اساتذہ کو ہدایات دیں کہ سکولوں میں مارنِنگ اسمبلی کا اہتمام کیا جانا چاہئے نیز وضع کئے گئے کیلنڈر کے مطابق تدریسی سرگرمیوں کو انجام دیا جانا چاہئے ۔

پانی

ایگزیکیوٹیو انجینئرجل شکتی رورل واٹر سپلائی ڈویژن گاندر بل ،سرینگرکی ایک اطلاع کے مطابق سندھ پاور کنال میں ضروری مرمت کے پیش نظر ضلع گاندر بل اور شہر سرینگر کے کچھ علاقوں میں 6 اپریل صبح 6 بجے سے 7 اپریل صبح 6 بجے تک پانی کی سپلائی معطل رہے گی۔

محکمہ نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پہلے ہی پانی ذخیرہ کریں اور ضرورت پڑنے پر محکمے کے فون نمبرات 2416292-0194 یا 8491052446 پر رابطہ قائم کریں۔

بارش

وادی کے بیشتر علاقوں میں اس وقت مطلع ابر آلود ہے اور پچھلے دو ایک روز سے ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشوں کو سلسلہ جاری ہے ۔ ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ سرینگر جموں قومی شاہراہ کے مختلف مقامات پر اس وقت بارشیں ہو رہی ہیں تاہم شاہراہ پر گاڑیوں کی آواجائی کا سلسلہ جاری ہے ۔ نمائندوں کے مطابق نا ساز گار موسمی صورتحال کے چلتے سرینگر لیہہ شاہراہ اور مغل روڑ کو گاڑیوں کی آمد رفت کے لئے بند کر دیا گیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت8 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ 2 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ